# ہمارے عقائد

www.KitaboSunnat.com

مولانا محمد حنیف یزدانی

مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی

کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# ہمارے عقائد

رشحات قلم

مولانا محمد حنیف یزدانی قصوری

المکتبۃ الرحمانیۃ
[illegible]
نمبر 21430

ناشر

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی

قیمت —— ۵۰ پیسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




اردو زبان میں مسئلہ اجتہاد و تقلید اور عمل بالحدیث کے موضوع پر سب سے پہلی
ایک علمی و تحقیقی کتاب

# معیار الحق

تصنیف لطیف حضرت مولانا شیخ الکل ناصر الدین سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جس کی تعریف امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد کی ہے۔ جس کا پیش لفظ حضرت الامیر الکبیر مولانا محمد اسماعیل صاحب مدظلہ نے لکھا ہے جو کہ ستر صفحات پر مشتمل ہے جس کے مستقل عنوانات یہ ہیں۔ اجتہاد و تقلید کی تعریف۔ مسئلہ اجتہاد و تقلید کی تاریخ۔ حضرت مجدد الف ثانی اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی خدمات۔ حضرت میاں نذیر حسین صاحب کا تعارف آپ کا تبحر علمی۔ حضرت شیخ کا تلامذہ پر۔ حضرت کی امن پسندی۔ حضرت کا تحمل۔ معیار الحق کی اشاعت وغیرہ ہیں۔ حضرت شیخ الکل علیہ الرحمۃ نے قرآن و حدیث کے علاوہ ۳۵۰ جید حنفی علماء و ائمہ کے اقوال رد تقلید میں درج کیے ہیں۔ حدیث ثقلین۔ حدیث غلس۔ حدیث اسفار فجر۔ حدیث برادۂ ظہر۔ حدیث مثلین عصر کی عمدہ تحقیق ہے۔ دیدہ زیب ٹائیٹل۔ کتابت۔ طباعت عمدہ کاغذ سفید مضبوط جلد بڑے سائز کے ۵۰۰ صفحات

قیمت صرف دس روپیہ محصول ڈاک معاف

محمد حنیف یزدانی قصوری چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

(مطبوعہ : پریس لاہور)


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مسلک اہل حدیث پر بے نظیر کتاب

# تحریک آزادی فکر

اور

# حضرت شاہ ولی اللہ کی تجدیدی مساعی

تصنیف لطیف: حضرت الامیر المرکزیہ فاضل جلیل عالم نبیل مولانا اسماعیل صاحب سلفی شیخ الحدیث گوجرانوالہ

حضرت مولانا کے جو مضامین لفظ اہل حدیث کے نام سے ہفت روزہ الاعتصام میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ان سب کو یکجا کر کے مع اضافات جدیدہ کے کتابی صورت میں نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع کیا گیا ہے مستقل عنوانات یہ ہیں: ۔ تحریک اہل حدیث کا مدوجزر اور حضرت شاہ ولی اللہ رح کی تجدیدی مساعی کے اثرات ۔ تحریک اہل حدیث کا موقف اور خدمات ۔ برصغیر پاک و ہند میں اہل توحید کی سرگرمیاں ترکِ تقلید اور اہل حدیث ۔ مسئلہ تقلید پر تحقیقی نظر ۔ اہل حدیث کی اقتدا ۔ ایک مقدس تحریک جو مظالم کا تختہ مشق بنی رہی ۔ گویا کہ یہ کتاب مسلک اہل حدیث کا مرقع ہے اور حضرت مولانا کے چیدہ مضامین کا مجموعہ ہے ۔ یہ کتاب بڑے اعتماد کے ساتھ ہر تعلیم یافتہ آدمی کو پیش کی جا سکتی ہے ۔ دیدہ زیب ٹائیٹل کتابت طباعت عمدہ جلد کاغذ سفید بڑے سائز کے ڈھائی سو صفحات قیمت [illegible] روپے

محصول ڈاک معاف

محمد حنیف یزدانی ڈھوری چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

اللہ کی رسی (قرآن وحدیث) کو مضبوطی سے تھامو اور آپس میں فرقے مت بنو

قرآن نے ہم کو یہ سکھایا ہے بنائے زندگی
کیسے دستِ نغمہ زن ہوتا ہے سازِ زندگی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منفعت ایک ہے اس قوم کی نقصان بھی ایک
ایک ہی سب کا نبی، دین بھی ایمان بھی ایک
حرم پاک بھی، اللہ بھی قرآن بھی ایک
کچھ بڑی بات تھی ہوتے جو مسلمان بھی ایک

اقبال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست مضامین

عرضِ مؤلف
ضرورتِ اتحاد
توحید
قرآن مجید
پیغمبرِ دو عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم
صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
اہلِ بیت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام
امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ
ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
ائمہ محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
مجددینِ امت رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین
حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ الاسلام حضرت امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ

شیخ الکل ناشر الوحیین سید نذیر حسین محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

بزرگان دین

مشہور بزرگان دین کے اسمائے گرامی

ارکان خمسہ

ملائکہ

فضائل مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ

انتشار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# عرضِ مؤلف

حمد و سپاس اس واحد و یکتا بے ہمتا کے لیے ہے جو اپنی حکمت اور مشیت کے تحت اپنے بندگان سے دین محکم کی استواری کے لیے خدمت لے لیتا ہے اور اپنے الطافِ خاص سے نواز کر مطلوبہ مقاصد کی تکمیل پر مامور کر دیتا ہے۔ نیز ادوارِ ناشائستہ کی دست برد سے دین مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے حفظ و بقا کا کام سرانجام فرماتا رہتا ہے۔ اس طرح وہ اپنے تدبر کامل سے اپنے ناچیز اور حقیر بندوں سے ان ضروریات کا اتمام کرا لیتا ہے۔ جن کا معدوم ہونا نوعِ انسانی کے لیے نقصانِ عظیم کا باعث ہو سکتا ہو۔ بعد ازاں درود و سلام ہو اس نبی برحق صلے اللہ علیہ وسلم پر جس کے ارشاداتِ حقیقت آگین اور نوائے وحدت سروش سے ہمیں دین کا فہم حاصل ہوا۔

## امّا بعد

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس احقر العباد طالب الرشاد کی دیرینہ آرزو تھی کہ جماعت اہل حدیث کے عقاید و نظریات آسان اور سلیس زبان میں لکھے جائیں تاکہ خواص و عوام اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اور بعض نادان دوست جو ہمارے عقاید کو غلط سلط رنگ میں عوام کے سامنے بیان کرکے نفرت، حقارت اور فرقہ بندی کو ہوا دیتے ہیں۔ ان کا جھوٹ کھل کر عوام کے سامنے آجائے اور مدت دراز سے ہمیں بدنام کرکے لوگوں کو جو دھوکہ دیا جا رہا ہے اس کا تاروپود بکھر جائے اور دنیا میں نعرہ جَآءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا بلند ہو۔ خادم نے امکانی حد تک نہایت آسان اور عام فہم لفظوں میں اپنے عقاید و نظریات بیان کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ بات سمجھنے میں مشکل درپیش نہ ہو۔

## استفادہ

میں نے جماعت اہل حدیث کے جلیل القدر اولوالعزم علمائے کرام کی مندرجہ ذیل کتب سے استفادہ کیا ہے:

۱۔ خطبات سلیمان :۔ قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ سپیشل مجسٹریٹ درجہ اول ریاست پٹیالہ مصنف رحمۃ للعالمین۔

۲۔ اہل حدیث کا مذہب: حجۃ الاسلام فخر الاسلام فاتح قادیان حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری رحمۃ اللہ علیہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۳۔ عقیدہ محمدی: حامی سنت، قاطع بدعت، ناصر دین وملت حضرت مولانا محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ جوناگڈھی۔

۴۔ فرقہ اہل حدیث: محترم مولانا عبدالمجید صاحب رحمۃ اللہ علیہ

۵۔ دستور مرکزی جمعیت اہل حدیث مغربی پاکستان

## اظہار تشکر

ناسپاسی ہوگی اگر میں حضرت مولانا عبدالقادر صاحب حکیم مدظلہ خطیب اہل حدیث میاں چنوں ضلع ملتان کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے خادم سے یہ رسالہ ہدایت مقالہ حرف بحرف نہایت توجہ سے سن کر ضروری قدرے اصلاح فرمائی۔ خادم مولانا ہدایت اللہ صاحب ندوی حال مقیم میاں چنوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔ جنہوں نے اس رسالہ کو مختلف مقامات سے سن کر اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ میں آخر میں انجمن اہل حدیث رجسٹرڈ چیچہ وطنی کے حضرت الامیر جناب عبدالمجید صاحب بٹ اور دینی خدمات کا عظیم جذبہ رکھنے والے نوجوان برادرم عزیزم شیخ محمد بشیر صاحب جنرل سیکرٹری انجمن اہل حدیث رجسٹرڈ چیچہ وطنی حال مقیم لائل پور کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے توجہ دلانے سے میں اس کام پر آمادہ ہوا۔

## التماس

قارئین سے التماس ہے کہ اگر آپ اس میں کوئی لفظی سقم دیکھیں تو اطلاع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جاسکے۔ فقط والسلام :

محمد حنیف یزدانی قصوری

خطیب اہل حدیث بھیجہ وطنی

۲۰ صفر المظفر بروز بدھ ۱۳۹۰ھ ۳۱ مئی ۱۹۷۰ء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

## ضرورت اتحاد

اس بدیہی امر پر کسی دلیل کی ضرورت نہیں کہ اتحاد و اتفاق تمام خوبیوں کا سرچشمہ اور ساری بھلائیوں کا مخزن ہے۔ قرآن کریم اس سنہری اصول کی بابت ارشاد فرماتا ہے وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا یعنی تم سب مل کر اللہ کی رسی (قرآن و حدیث) کو مضبوطی سے تھام لو اور آپس میں نااتفاقی نہ کرو۔

قرآن نے ہم کو یہ سکھایا ہے رازِ زندگی
یک دلی سے نغمہ زن ہوتا ہے سازِ زندگی

ہادیٔ اسلام پیغمبرِ اسلام رسول رب انام حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں المومنون کرجل واحد ان اشتکی عینہ اشتکی کلہ سب مومن آپس میں ایک آدمی کی طرح ہیں۔ اگر آدمی کی ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عضو کو تکلیف ہو تو تمام جسم بے قرار رہتا ہے۔ دوسری جگہ ارشاد گرامی ہے
المؤمن للمؤمن کالبنیان یشد بعضہ بعضاً سب مومن آپس میں
ایک دیوار کی طرح ہیں جس کا ایک حصہ دوسرے کو تقویت پہنچاتا ہے اور مضبوط کرتا
ہے۔ اسلام دنیا میں جن بیش بہا رحمتوں کا خزانہ اپنے ساتھ لایا ہے۔ ان میں ایک
گراں بہا جوہر اتفاق بھی ہے چنانچہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اپنے مالوف اور مبارک وطن مکہ
مکرمہ کو چھوڑ کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو سب سے پہلے آپ نے مہاجرین
وانصار کے درمیان رشتۂ اخوت بھائی چارہ قائم کیا۔ جو دنیا میں اپنی مثال
آپ ہے۔ دنیا کی تمام تاریخ ایسا بہترین اور اچھوتا واقعہ پیش کرنے سے قاصر
ہے جسے خدائے ذوالجلال والاکرام بطور احسان ذکر فرماتے ہیں كُنْتُمْ
اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا
تم پہلے ہی ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ خدا نے تمہارے دل ملا دیئے۔ اور
تمہیں اپنی رحمت سے آپس میں بھائی بھائی بنا دیا۔ افسوس! آج کل کے
مسلمانوں نے اس فرض اولین اور خدا کی عظیم نعمت اور سردار دوجہان
شفیع عاصیاں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی
سچی یادگار کو بالکل مٹا دیا۔ اتفاق و اتحاد بالکل مفقود ہو گیا۔ اس کا نام تو تاریخ
زبان پر بار بار آتا ہے لیکن اس کا وجود عدم ہے۔ دنیا کے اسلام میں آج

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اختلاف سے اختلاف ہے۔ اور پھر ہمیں اس قیمتی متاع کے ضائع ہو جانے کا قطعاً افسوس نہیں ہے

وائے ناکامی متاعِ کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساسِ زیاں جاتا رہا

بلکہ جن لوگوں نے ہمیں اتفاق و اتحاد کی تعلیم دینی ہے وہی ہم میں اختلاف کا باعث ہیں اور انہیں کے دم قدم سے ہم میں انتشار ہے بقولِ خواجہ حالیؒ

بڑھے جس سے نفرت وہ تحریر کرنی
جگر جس سے شق ہوں وہ تقریر کرنی
گنہگار بندوں کی تحقیر کرنی
مسلمان بھائیوں کی تکفیر کرنی

یہ ہے عالموں کا ہمارے طریقہ
یہ ہے ہادیوں کا ہمارے سلیقہ

جن سے ذرا بھر اختلاف ہوا بس اس کے پیچھے پڑ گئے اس کو ہر طرح ذلیل و خوار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ الزاموں کا ایک پلندہ اس کے متھے پر دے مارا۔ اگر کوئی بھولا بھٹکا انہیں کا نام لے تو مغفرت کا متھہ کر ڈالا ہو جاتے بقول خواجہ حالیؒ

خوشامد کا اپنے اگر نام لیجے
تو ذکر ان کا ذلت و خواری سے کیجے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کبھی بھول کر طرز اس میں نہ دیجے
قیامت کو دیکھو گے اس کے نتیجے
گناہوں سے ہوتے ہو گویا مبّرا
مخالف پہ کرتے ہو جب تم تبّرا

حالات کی رفتار نے ہمیں بتلا دیا ہے کہ مسلمانوں کے تمام گروہوں میں اتحاد و اتفاق کی شمع کو روشن کیا جائے۔ اور تمام اختلافات ختم کر کے امت مرحومہ میں وہی دین فطرت سے لگاؤ اور اخلاق حسنہ سے وابستگی پیدا کی جائے بقول ہمارے محبوب ... علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ ؎

کسی یک جائی سے اب عہد غلامی کر لو
ملتِ احمد مرسل کو مقامی کر لو

یوں تو ہمارے ملک میں مذہبی گروہوں کی تعداد کافی ہے لیکن ان سب میں متعارف اور ستم رسیدہ گروہ اہل حدیث کا گروہ ہے۔ ان کے متعلق بہت سی غلط سلط باتیں مشہور ہیں۔ مثلاً یہ نبیوں ولیوں کے گستاخ ہیں۔ ان کو اپنے جیسا سمجھتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے بھائی جیسا سمجھتے ہیں (نستغفر اللہ نعوذ باللہ من عقیدہ ناپسندیدہ سے ہزار بار توبہ) بزرگان دین کی توہین کرتے ہیں۔ ائمہ اربعہ کو برا جانتے ہیں وغیرہ وغیرہ حالانکہ یہ تمام باتیں غلط ہیں ان میں سے ... چیز کا بھی تعلق حقیقت کے ساتھ نہیں ہے۔ ہاں ان کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جھوٹ کا نام ضرور دیا جا سکتا ہے۔ ہم اس اتحاد و اتفاق کی اولین کوشش میں ان تمام بدعقاید سے بیزاری کا اعلان کرتے ہیں۔ اور اپنے تمام عقاید کو واضح، واشگاف، غیر مبہم اور صاف لفظوں میں بیان کرتے ہیں تاکہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے۔ اور عوام کو جہالت کی وجہ سے جو دھوکہ مدت دراز سے دیا جا رہا ہے اس کا تار پود بکھر جائے ؎

شبِ غم بھی آخر بسر ہو گئی
تڑپتے تڑپتے سحر ہو گئی

## توحید

ہر ایک چیز کا ایک عنوان ہوتا ہے ہمارے عقاید کا عنوان ہے

# لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نہیں کوئی عبادت کے لایق مگر اللہ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اللہ تعالےٰ کے رسول ہیں

خداوند تعالیٰ اپنی ذات، صفات، کمالات، اور اختیارات میں یکتا تنہا اکیلا اور ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں وہی عبادت، پوجا بندگی پرستش اور سجدہ کے لایق ہے۔ اس کے سوا اور کسی کی بندگی کرنے والا کافر اور مشرک ہے اور وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جہنم میں رہے گا۔ وہی حاجت روا، مشکل کشا، مصیبتیں دور کرنے والا، فریاد رس اور اپنی تمام مخلوق کا مددگار

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حامی اور ناصر ہے۔ تمام انبیاء کرام حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین، اکرم الاولین والآخرین، سید المرسلین، خاتم النبیین، امام المعصومین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک خدا کی توحید بیان کرتے رہے۔ اسی توحید کی خاطر انہوں نے جہاد کیا اپنے وطن کو چھوڑا، عزیزوا قارب کو چھوڑا اور اپنے وقت کی تمام شیطانی طاقتوں سے ٹکر لی۔ بالآخر کلمہ توحید غالب آیا۔ اللہ تعالیٰ ہی اولاد دینے والا، رزق دینے والا، بارش اتارنے والا ہے وہی زندہ کرنے والا اور مارنے والا ہے۔ وہی عزت دینے والا اور ذلت دینے والا ہے۔ اسی کے قبضہ واختیار میں ہے اپنی تمام مخلوق کی پیشانیاں۔ اس کی تمام مخلوق اس کے سامنے جھکنے والی عاجزی انکساری کرنے والی اور اپنے آپ کو محتاج، نیازمند، فقیر، منگتا اور سوالی ظاہر کرنے والی ہے۔ وہی زمین وآسمان، چاند سورج ستارے، دریا پہاڑ غرض کہ ہر چیز کا بنانے والا ہے۔ وہی عالم الغیب والشہادت، حاضر ناظر وہی بخشش کرنے والا، معاف کرنے والا، درگزر کرنے والا، پردہ پوشی کرنے والا، رحم کرنے والا اور اپنی مخلوق سے محبت کرنے والا ہے۔ وہی اپنے بندوں سے بہت ہی قریب دعاؤں کو سننے والا، بندوں کی دعاؤں کو شرفِ قبولیت بخشنے والا ہے

بقول خواجہ حالی رحمۃ اللہ علیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ ہے ذاتِ واحد عبادت کے لایق
زبان اور دل کی شہادت کے لایق
اسی کے ہیں فرمان اطاعت کے لایق
اسی کی ہے سرکار خدمت کے لایق
لگاؤ تو لو اس سے اپنی لگاؤ
جھکاؤ تو سر اس کے آگے جھکاؤ

اسی پر ہمیشہ بھروسہ کرو تم | اسی کے سدا عشق کا دم بھرو تم
اسی کے غضب سے ڈرو اگر ڈرو تم | اسی کی طلب میں مرو گر مرو تم

مبرّا ہے شرکت سے اس کی خدائی
نہیں اس کے آگے کسی کو بڑائی

خرد اور ادراک رنجور ہیں واں | مہ و مہر ادنیٰ سے مزدور ہیں واں
جہاندار مغلوب و مقہور ہیں واں | نبی اور صدیق مجبور ہیں واں

## قرآن مجید

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور رہنمائی کے لیے اپنے خاص بندوں یعنی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پہ اپنے کلام مبارک کو اتارا۔ ہر ایک پیغمبر کو کوئی نہ کوئی صحیفہ آسمانی ملا۔ ان تمام صحیفوں میں سب سے بڑی چار کتابیں ہیں (۱) توراۃ (۲) زبور (۳) انجیل (۴) قرآن مجید۔ توراۃ حضرت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



موسیٰ علیہ السلام پر۔ زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اتاری گئی۔ قرآن مجید، فرقان حمید آقائے نامدار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قلبِ مبارک پر اتارا گیا۔ ہم تمام آسمانی کتابوں میں سے قرآن پاک کو تمام کتابوں کی سردار اور افضل و اعلیٰ سمجھتے ہیں۔ ہم تمام آسمانی صحیفوں پر صدق دل سے ایمان رکھتے ہیں۔ اور خداوند تعالیٰ کی آخری کتاب قرآن حکیم پر ہمارا کامل، اکمل اور مکمل ایمان ہے جو شخص قرآن مجید کا انکار کرتا ہے ہم اسے دائرۂ اسلام سے خارج سمجھتے ہیں۔ الحمد سے لے کر والناس تک اس کی ہر ایک آیت پر ہمارا ایمان ہے۔ اس کتاب میں اللہ تعالیٰ نے ہماری تمام بیماریوں کا علاج رکھا ہے بقول خواجہ حالیؔ

اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا
اور اک نسخۂ کیمیا ساتھ لایا

ایک مسلمان کے لیے بحیثیت مسلمان زندہ رہنے کے واسطے قرآن مجید کو دستور العمل بنانا ضروری ہے بقول علامہ اقبالؒ

گر تو مے خواہی مسلماں زیستن
نیست ممکن جز بہ قرآں زیستن

## پیغمبر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم

اللہ تعالےٰ نے اپنی مخلوق تک توحید کا پیغام پہنچانے کے لیے بیشمار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا مقدس گروہ دنیا میں مبعوث فرمایا۔ یہ سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہو کر فخر دو عالم رحمت دو عالم سرور دو عالم پیغمبر دو عالم خیر مجسم سید اولاد آدم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک ختم ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے تمام رسولوں نبیوں پر ہمارا ایمان ہے۔ جو شخص کسی پیغمبر کا انکار کرے وہ دائرہ اسلام سے خارج اور کالا کافر ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خداوند تعالیٰ کے حبیب ہیں اور یہ وہ مقام قرب ہے جو کسی رسول نبی اور فرشتہ کو حاصل نہیں۔ آپ تمام انبیاء کرام علیہم والسلام کے سردار ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو رات کے تھوڑے سے حصہ میں آسمانوں کی سیر کرائی۔ اپنی قدرت کے کرشمے دکھائے۔ دینی تحفوں سے نوازا۔ اور یہ سیر روح مع الجسم حالت بیداری میں تھی۔ آپ ہی نے بیت المقدس میں تمام انبیاء کی امامت فرمائی۔ آپ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول ہیں۔ آپ کے بعد کوئی رسول، نبی، خدا کا پیغامبر نہیں آئے گا۔ جو شخص آپ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے اور حدیث شریف میں ایسے ہی کو دجال کذاب فرمایا گیا ہے۔ ایسا آدمی خود گمراہ ہے دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ آپ کے بعد مدعی نبوت دائرہ اسلام سے خارج اور کالا کافر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیگر انبیاء کرام سے زیادہ معجزات عطا فرمائے۔ پہلے نبیوں کے معجزات وقتی اور ہنگامی تھے لیکن جیسا کہ آپ کی رسالت قیامت تک کے لیے ہے ایسے ہی آپ کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عظیم معجزہ قرآن مجید فرقان حمید بھی قیامت تک کے لیے ہے۔ آپ کے معجزات کا منکر گمراہ ہے۔ آپ بروز قیامت حوض کوثر کے مالک ہوں گے۔ آپ کے امتی وہاں سے ٹھنڈا میٹھا اور سفید پانی پئیں گے۔ جو ایک دفعہ پانی پی لے گا وہ میدان حشر کی گرمی اور تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حوض کوثر سے پانی پینا نصیب فرمائے آمین۔ بروز قیامت آپ کو اللہ تعالیٰ مقام محمود پر کھڑا کرے گا۔ آپ امت کی شفاعت کے لیے خدا کے حضور میں سجدہ ریز ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی شفاعت کو قبول فرمائے گا۔ آپ کی شفاعت سے امت کے لاتعداد انسان جنت میں جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی شفاعت نصیب فرمائے آمین۔ غرضیکہ آپ تمام مخلوق سے افضل و اشرف، اعلیٰ اور اولیٰ اور بلند و بالا ہیں بقول شیرازیؒ

لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

## صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ہمارا عقیدہ ہے کہ آفتاب نامدار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھی صحابہ کرام آپ کی تمام امت سے افضل ہیں کوئی کتنا ہی بزرگ ولی اللہ اور مقرب خدا ہو وہ ہرگز صحابہ کرام کے مرتبہ و مقام کو نہیں پہنچ سکتا۔ صحابہ کرام کا وہ مقدس اور پاکباز گروہ ہے جس کو خدا تعالیٰ نے حضرت اقدس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت، ہم نشینی اور مجلس کے لیے چن لیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں تم میں سے جو شخص بھی جس صحابی کی پیروی کرے گا وہ راہ ہدایت پائے گا۔ صحابہ کرام کی چھوٹی سی نیکی بھی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی ہے۔ خدائے قدوس نے اپنی پاک کتاب قرآن مجید میں ان کی تعریف و توصیف کی ہے۔ جو صحابہ کرام کو برا بھلا کہے تبرا بازی کرے ہمارے نزدیک وہ گمراہ ہے۔ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں سب سے افضل سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کے بعد حیدر کرار شیر خدا فاتح خیبر حضرت علی کرم اللہ وجہہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں کسی نے کیا خوب کہا ہے ؎

صدیق عکس حسن کمال محمد است
فاروق ظل جاہ و جلال محمد است
عثمان ضیائے شمع جمال محمد است
حیدر بہار باغ خصال محمد است
اسلام ما اطاعت خلفائے راشدین
ایمانِ ما محبت آل محمد است

## اہل بیت نبوی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہمارا عقیدہ ہے کہ اہل بیت نبوی خدا کے برگزیدہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف قرآن مجید میں کی ہے۔ جو ان سے دشمنی رکھے خدا ان سے دشمنی رکھتا ہے۔ اور جن سے خدا دشمنی رکھے ان کے لیے دنیا و آخرت میں ذلت و خواری، ہلاکت تباہی اور بربادی ہے۔ ان سے محبت رسول خدا اشرف انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت ہے۔

## امہات المومنین ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن

ہمارا عقیدہ ہے کہ سید البشر افضل البشر، اشرف البشر، اکرم البشر، خیر البشر، رسول بحر و بر، پیغمبر اسود و احمر، بعد از خدا بزرگ تر حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویاں تمام جہان کی عورتوں سے افضل ہیں اور تمام مومنوں کی مائیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف قرآن مجید فرقان حمید میں کی ہے۔ جو ان سے بغض، حسد، عداوت، دشمنی اور بیر رکھے۔ وہ مردود، ملعون، مغضوب اور راندۂ درگاہ ہے۔ اور ہمارا یہ بھی عقیدہ ہے۔ کہ اہل بیت نبوی میں ازواج مطہرات امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن بھی شامل ہیں۔

## ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ہمارا عقیدہ ہے کہ ائمہ اربعہ حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت امام احمد بن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حنبل رحمۃ اللہ علیہ خداوند تعالیٰ کے مقرب بندے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی کی اور انہیں قرآن و حدیث میں قوت اجتہاد بخشی۔ انہوں نے قرآن و حدیث میں غور و فکر کیا اور فقہ اسلامی کی بنیاد رکھی۔ اور اپنے اجتہاد اور تفقہ کے بعد بار بار اعلان کیا۔ کہ اگر تمہیں ہماری رائے، اجتہاد اور قیاس کے مقابلہ میں قرآن و حدیث اور اقوال صحابہ سے کوئی چیز ملے تو اس کو لے لو اور ہمارے اجتہاد کو چھوڑ دو۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ آنحضرت فداہ ابی و امی روحی و قلبی کے بعد کوئی بھی واجب الاتباع نہیں۔ آپ کی اطاعت، فرمانبرداری اور پیروی ہم سب پر فرض ہے۔ ہم بوقت ضرورت بقدر ضرورت ان ائمہ اربعہ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے پورا پورا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ فقہ کی تمام باتیں غلط نہیں ہیں۔ بلکہ ان کتابوں میں اکثر و بیشتر مسائل درست ہیں۔ اور ہمارے علماء اہل حدیث نے ان کے اجتہاد پر فتاویٰ دیئے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ تمام ائمہ اربعہ برحق ہیں۔ اور ایک ہی چشمہ کی نہریں ہیں۔ لیکن اپنے لیے صرف ایک ہی کو خاص کر لینا درست نہیں۔ جب یہ چاروں برحق ہیں تو پھر کیوں نہ ان کی بات کو جو اقرب الی السنۃ ہو قبول کر لیا جائے۔ ہمارے نزدیک اجتہاد ان چاروں اماموں ہی میں دائر نہیں ہے۔ بلکہ ان کے علاوہ بھی بیسیوں امام مجتہد کا درجہ رکھتے ہیں آج پوری امت میں ان ائمہ اربعہ کے تقویٰ، ورع، پرہیزگاری، دیانت، امانت، صداقت اور جرأت و شجاعت کی مثال ڈھونڈے سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں ملتی۔ یہ بزرگ ہم سب کے امام ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان پر کروڑ کروڑ رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔

## ائمہ محدثین رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ہمارا عقیدہ ہے کہ تمام ائمہ محدثین امیر المومنین فی الحدیث حضرت امام محمد بن اسماعیل بخاری، حضرت امام مسلم، حضرت امام ترمذی، حضرت امام ابوداؤد، حضرت امام ابن ماجہ، حضرت امام نسائی، حضرت امام بیہقی، حضرت امام دارقطنی، حضرت امام حاکم، حضرت امام دارمی، حضرت عبداللہ بن مبارک، حضرت سفیان ثوری، حضرت وکیع، حضرت اسحاق بن راہویہ، حضرت امام مدینی وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین خداوند تعالیٰ کے مقرب تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات، فرمودات، احادیث مبارکہ جمع کرنے کے لیے اس پاکباز مقدس گروہ کو پیدا فرمایا۔ چنانچہ انہوں نے محنت، کوشش اور زبردست تگ و دو سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمودات و معمولات کا بیش بہا خزانہ امت مرحومہ تک پہنچایا۔ امت مرحومہ پر ان بزرگوں کا احسان عظیم ہے۔ خدائے قدوس انہیں آخرت میں بہتر جزا بخشے۔ اور ان کے درجات بلند فرمائے آمین۔ آج پوری امت میں کوئی بھی انسان ان کے تقویٰ، پرہیزگاری، ورع، پاکبازی، تقدس اور دین سے لگاؤ کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ خواجہ حالیؒ نے کیا خوب کہا ہے؎

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گروہ ایک جویا تھا علمِ نبی کا — لگایا پتا جس نے ہر مفتری کا
نہ چھوڑا کوئی رخنہ کذبِ خفی کا — کیا قافیہ تنگ ہر مدعی کا
کیے جرح و تعدیل کے وضع قانون
نہ چلنے دیا کوئی باطل کا افسوں

اسی دھن میں آساں کیا ہر سفر کو — اسی شوق میں طے کیا بحر و بر کو
سنا خازنِ علمِ دیں جس بشر کو — لیا اس سے جا کر خبر اور اثر کو
پھر آپ اس کو پرکھا کسوٹی پہ رکھ کر
دیا اور کو خود مزہ اس کا چکھ کر

کیا فاش راوی میں جو عیب پایا — مناقب کو چھانا مثالب کو تایا
مشائخ میں جو قبح نکلا جتایا — ائمہ میں جو داغ دیکھا بتایا
طلسمِ ورع ہر مقدس کا توڑا
نہ ملا کو چھوڑا نہ صوفی کو چھوڑا

## مجددینِ امت رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

ہمارا عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر خدائے ذوالجلال والاکرام نے ہر طرح کی نبوت (زمانی و مرتبی) کو ختم فرما دیا۔ آپ آخری نبی ہیں۔ آپ کے بعد مدعیٔ نبوت کذاب، دجال اور کالا کافر ہے۔ لیکن خدائے ذوالجلال والاکرام نے انسانوں کی رشد و ہدایت کے لیے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آپ کی امت مرحومہ سے مجددین امت کا سلسلہ جاری فرمایا۔ مجدد امت کا کام مردہ سنتوں کو زندہ کرنا اور دین اسلام کو بدعات، خرافات، رسومات اور لغویات سے پاک صاف رکھنا ہے اور اسلام کا اندرونی و بیرونی حملوں سے دفاع کرنا ہے۔ اسلام میں سب سے پہلے مجدد حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کے بعد حجۃ الاسلام حضرت امام محمد غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں۔ ان کے بعد شیخ الاسلام حضرت امام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ہیں۔ آپ احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتنے زبردست حافظ تھے کہ آپ کے زمانہ ہی میں مشہور ہو گیا تھا کہ جو حدیث امام ابن تیمیہ کو یاد نہیں وہ حدیث ہی نہیں۔ ان کے بعد ہمارے ہندوستان میں جب کہ اقتدار پرست بادشاہوں، ماحول پرست مولویوں اور جہالت پرست پیروں نے ایک ایک سنت پہ بدعت کے ہزاروں غلاف چڑھا رکھے تھے تو اس وقت خالق السموات والارض، مالک السموات والارض، رازق السموات والارض نے امام ربانی، قیوم دورانی، قطب ربانی، قندیل نورانی، مرشد حقانی، شہباز لامکانی محبوب سبحانی حضرت شیخ احمد فاروقی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو دین اکبر کا جواب بنا کر مبعوث فرمایا۔ آپ نے ہر طرح کی بدعات کی خوب تردید کی اور فرمایا کہ بدعت کی جو تقسیم اس وقت جاری ہے سیئہ اور حسنہ۔ یہ تقسیم غلط ہے اس لیے کہ آنحضرت فداہ ابی و امی، روحی و قلبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اپنے ہر خطبہ میں فرمایا کرتے تھے :-

فان خیر الحدیث کتاب اللہ و خیر الھدی ھدی محمد وشر الامور محدثاتھا وکل محدثۃ بدعۃ و کل بدعۃ ضلالۃ و کل ضلالۃ فی النار۔ تحقیق سب سے بہتر حدیث اللہ کی کتاب ہے اور سب سے بہتر سیرت حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سیرت ہے اور سب سے بری چیز دین میں نئی بات پیدا کرنا ہے اور ہر نئی بات دین میں بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ میں لے جانے والی ہے ؂

توجب پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم یہ فرمائیں کل بدعۃ ضلالۃ تو پھر بدعت حسنہ کیسے ہو سکتی ہے۔ بدعت اور حسنہ یہ ہو ہی نہیں سکتا۔ پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بات کو تقسیم کرنے کا حق کسی کو نہیں ہے۔ اس سلسلہ میں مکتوب نمبر ۱۸۶ جلد اول مکتوب نمبر ۵۴-۲۲-۱۹ جلد دوم قابل مطالعہ ہیں۔ آپ نے اپنے زمانہ کی تمام بدعات کی بھرپور تردید کی اور شاہی دربار میں جو کام خلاف شرع ہوتے تھے۔ ان کی تردید اپنے قول و عمل دونوں سے کی۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ ان کی شان میں کیا ہی خوب فرماتے ہیں ؎

گردن نہ جھکی جس کی جہانگیر کے آگے
ہے اس کے نفس گرم سے گرمیٔ احرار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وہ ہند میں سرمایۂ ملت کا نگہبان
اللہ نے بروقت کیا جس کو خبردار

حضرت امام ربّانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد خدائے قدوس نے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو پیدا فرمایا۔ چنانچہ آپ نے شرک و بدعت اور تقلید جامد کی خوب تردید فرمائی۔ آپ کا فیض ہندوستان میں اتنا زبردست جاری ہوا۔ کہ ہمارے پاک ملک کے تین بڑے مذہبی گروہ بریلوی، دیوبندی اور اہل حدیث انہیں کے ساتھ وابستگی اور شاگردی کا شرف رکھتے ہیں۔ اگر ہم دیانتداری سے اپنے تمام اختلافات ختم کرنا چاہیں تو ہمیں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے لٹریچر سے کافی مدد مل سکتی ہے۔ اور اس سے بہتر آخر اور کونسا طریقہ ہوگا کہ جب کسی بات میں شاگردوں کے اندر اختلاف رونما ہو جاتے۔ تو اس اختلاف کو آسانی حل کرنے کے لیے اپنے استاذ محترم ہی کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد انہیں کی اولاد سے اللہ تعالےٰ نے نبیرۂ شاہ ولی اللہ مجاہد، غازی شہید فی اللہ فاضل جلیل، عالم نبیل حضرت مولانا شاہ محمد اسماعیل دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو پیدا فرمایا۔ آپ کے جد امجد حضرت شاہ ولی اللہ اور آپ کے عم محترم و استاذ سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے جو باتیں کتابوں میں درج کی تھیں۔ ان کو سربازار بیان کیا۔ اور زلقریر و تحریر سے خوب توحید و سنت کی حمایت کی۔ آپ ایک نہایت مخلص بے باک اور پُرجوش مبلغ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں سیف و قلم کی نعمتوں سے نوازا تھا۔ آپ ایک مبلغ ہونے کے ساتھ ساتھ مجاہد اعظم بھی تھے۔ آپ نے دین اسلام کے احیاء کے لیے بالاکوٹ میں سکھوں کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے جام شہادت نوش فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ان پہ اپنی کروڑ کروڑ رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق

ان کے مکمل حالات کا مطالعہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کتب کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ حیات طیبہ مرزا حیرت دہلوی۔ اسمٰعیل شہید مرتبہ عبداللہ بٹ۔ سید احمد شہید مولانا غلام رسول مہر۔

حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے بعد خاندان ولی اللہی کے فیض یافتہ جانشین حضرت شاہ محمد اسحاق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ استاذ العلماء والمحدثین شمس العلماء و المحدثین حضرت مولانا شیخ الکل نافتہ الوجہین سید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو خدائے واحد و یکتا نے مرتبہ تجدید عطا فرمایا۔ آپ حسنی حسینی سید ہیں۔ بچپن میں جب شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کی تقریریں سنیں۔ اور مجاہد کبیر سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی اقتدا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں نمازیں ادا کیں۔ تو دل میں علم دین کے حاصل کرنے کا ایک جذبہ پیدا ہوا۔ چنانچہ ان دنوں استاذالہند حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ حیات تھے۔ ان کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے کے لیے اپنے گاؤں سے روانہ ہوئے۔ چونکہ ان دنوں مسافت کی اتنی سہولتیں نہ تھیں۔ اس لیے پاپیادہ چلتے چلتے جب دہلی پہنچے تو حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہو چکا تھا۔ چنانچہ ان کے بعد ان کے نواسہ شاہ محمد اسحاق رحمۃ اللہ علیہ جانشین قرار پاتے۔ دہلی کے دیگر اساتذہ کرام کے علاوہ حضرت شاہ محمد اسحاق محدث دہلوی سے کتب حدیث پڑھیں اور ان کی ہجرت مکہ کرمہ کے بعد انہیں کے جانشین مقرر ہوتے۔ آپ نے پورے ایک سو سال عمر پائی۔ اور ساٹھ سال درس حدیث دیا۔ ع

یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

آپ کو قرآن و حدیث فقہ و تفسیر میں بے پناہ درک و حفظ تھا۔

شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے استاذ و مربی اور عم محترم امام انقلاب حضرت مولانا عبید اللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ "شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک" میں لکھتے ہیں:۔

"شیخ الاسلام مولانا سید نذیر حسین صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو فتاویٰ عالمگیری حفظ تھا اور آپ درجہ اجتہاد کو پہنچے ہوئے تھے۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سرسید احمد خاں مرحوم "آثار الصنادید" میں لکھتے ہیں :-

"جناب مولوی نذیر حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ زبدہ اہل کمال اسوۂ ارباب فضل و افضال مولوی نذیر حسین صاحب بہت صاحب استعداد ہیں خصوصاً فقہ میں ایسی استعداد کامل بہم پہنچائی ہے کہ اپنے نظائر و اقران سے گوئے سبقت لے گئے ہیں سدا ہب کشی میں آج بے نظیر ہیں"۔

حضرت خواجہ غلام فرید صاحب چاچڑاں والے المعروف فرید ثانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت شیخ الکل سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ

"او یکے از اصحاب رسول است اشارات جلد ۳ یعنی مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب بکثرت درس حدیث دینے کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں سے ہیں"۔

ناصر السنہ حضرت مولانا نواب سید صدیق حسن صاحب بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا سید شریف حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلف الصدق حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں یوں لکھتے ہیں :

"ابوہ شیخ الاسلام و مرکز دائرۃ الاستجازۃ و الاجازۃ و العالم الخبیر فی تیقنۃ ذالک و مجازۃ و ...

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



المنثل السائر لا يغنى و مالك بالمدينة ولا بيسند واحاكم ببغداد۔"

مولانا شیخ محمد تھانوی رحمۃ اللہ علیہ شاگرد شاہ محمد اسحاق صاحب فرماتے ہیں :۔

"در توجہ خاطر اقدس حضرت مولانا محمد اسحاق قدس سرہ بجانب مولوی نذیر حسین صاحب از بس بود ہر قدر کہ تو آموزاں بر آں ناز می کنند زیادہ ازاں مولوی صاحب موصوف در ذخیرہ خویش نہادہ فراموش کردہ باشند بعد بہ من دہلی امروز از ہماں کس عبارت است دعائے سلامتی او شاں ضرورت است دہلی دو چشم می داشت جناب مولانا قطب الدین صاحب مرحوم و جناب موصوف بالفعل یک چشم ماندہ است کہ آں عبارت از جناب مولوی نذیر حسین صاحب است۔ فقط"

راقم احقر العباد شیخ محمد فاروقی تھانوی ۱۲۹۲ھ

مولانا قاضی بشیر الدین صاحب قنوجی شاگرد حضرت شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ غایۃ الکلام میں فرماتے ہیں :

"زبدۃ المتکلمین عمدۃ المحدثین من اولیاء عصرہ و اکابر علماء دہرہ مولانا السید نذیر حسین صاحب دہلوی۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شیخ احمد بن احمد بن علی التونسی المغربی فرماتے ہیں:-

لا یوجد مثلہ فی الارض

آپ بہت بڑے عالم دین تھے۔ اپنی تمام عمر درس حدیث میں گذار دی اور شرک و بدعت و تقلید جامد کی خوب تردید کی۔ تقلید جامد کی تردید میں ایک نہایت بہترین علمی اور ٹھوس دلائل سے بھرپور کتاب بنام "معیار الحق" لکھی جس کو امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد نے بہت پسند کیا۔ جو کہ آپ کو صرف دس روپیہ میں مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی سے مل سکتی ہے۔ آپ نہایت متین، سنجیدہ اور فہیم بزرگ تھے۔ آپ کے تمام ہم عصر علماء آپ کی خوبیاں بیان کرنے میں رطب اللسان تھے۔ سنہ ۱۳۲۰ھ میں جب آپ کا انتقال پر ملال ہوا، تو متحدہ ہندوستان کے تمام اخبارات نے لکھا کہ

"آپ ایک جید عالم اور مسلم الثبوت محدث تھے۔ روایات فقہی کا جو استحضار آپ کو حاصل تھا وہ محتاج بیان نہیں۔ آپ کے مناقب میں صرف اس قدر بیان کر دینا کافی ہے۔ کہ آپ نصف صدی سے زیادہ عرصہ تک علم حدیث کی تدریس میں مصروف رہے اور عمر کا ایک معتد بہ حصہ اس متبرک علم کی خدمت میں بسر ہوا۔ ہزارہا طالبان حدیث آپ کے حلقۂ درس میں شریک ہو کر فیض یاب ہوئے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ناظرین! اب آپ خود اندازہ لگائیں کہ جس مقدس، پاکباز، نیک فطرت درویش طبیعت انسان نے ساٹھ سال درس حدیث دیا ہو۔ اس کے شاگردوں کو شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس وقت آپ مرجع خلائق تھے۔ اس وقت کی تمام نامور شخصیتوں نے آپ سے کسب فیض کیا۔ جن میں سے چند کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:-

سر سید احمد خاں مرحوم۔ ڈپٹی نذیر احمد صاحب دہلوی۔ ڈپٹی احمد حسن صاحب صاحب تنقیح الرواۃ فی تخریج احادیث المشکوٰۃ و مفسر تفسیر احسن التفاسیر وغیرھا۔ مولانا عبد الحلیم صاحب شرر۔ مولانا عبد الحق صاحب تفسیر حقانی والے۔ مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری۔ مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی۔ حضرت عارف باللہ عبد اللہ صاحب غزنوی۔ حضرت امام مولانا عبد الجبار غزنوی۔ حضرت حافظ عبد المنان صاحب وزیر آبادی۔ حضرت حافظ عبد اللہ صاحب غازی پوری۔ مولانا عبد العزیز صاحب رحیم آبادی۔ مولانا عبد الرحمٰن صاحب مبارک پوری شارح ترمذی شریف۔ مولانا شمس الحق صاحب ڈیانوی شارح ابوداؤد۔ مولانا شمس الحق صاحب عظیم آبادی شارح دارقطنی حضرت حافظ محمد صاحب لکھوی مفسر تفسیر محمدی بزبان پنجابی اشعار۔ مولانا عبد التواب صاحب ملتانی۔ مولانا عبد الحق صاحب ملتانی۔ مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی۔ مولانا عبد الوہاب صاحب دہلوی۔ مولانا شرف الدین صاحب دہلوی۔ مولانا غلام رسول صاحب قلعہ میہاں سنگھ والے۔ مولانا وحید الزمان صاحب حیدر آبادی مترجم صحاح ستہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین۔ اگر آپ اس مقدس، پاکباز فرشتہ سیرت، محدث اعظم اور حامی توحید و سنت، قاطع بدعت، مجدد دین و ملت کے متعلق حالات معلوم کرنا چاہیں تو درج ذیل کتب کی طرف رجوع فرمائیں۔

الحیات بعد المماۃ تصنیف مولانا فضل حسین صاحب بہاری مرحوم۔

آثار الصنادید سر سید احمد خاں مرحوم۔ روزنامچہ ۱۸۵۰ء مؤلفہ عبداللطیف صاحب۔ بہادر شاہ ظفر اور اس کا عہد رئیس احمد جعفری۔ سرگذشت مجاہدین و جماعت مجاہدین مولانا غلام رسول مہر۔ تراجم علمائے اہل حدیث ہند ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی رحمۃ اللہ علیہ۔ آزاد کی کہانی اس کی اپنی زبانی مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ۔ تاریخ اہل حدیث مولانا محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ۔ شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک امام انقلاب مولانا عبیداللہ صاحب سندھی رحمۃ اللہ علیہ۔

## بزرگانِ دین

ہمارا عقیدہ ہے کہ امت مسلمہ مرحومہ میں ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں بزرگانِ دین، صالحین امت اولیاء اللہ پیدا ہوئے ہیں۔ اور یہ سب کے سب خداوند تعالیٰ کی محبت سے سرشار، عشق رسول سے مخمور، جام توحید و سنت لٹانے والے ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کرنے والے تھے۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ اولیاء اللہ کا دشمن خدا کا دشمن ہے۔ اور خدا اپنے ولی کے دشمن کو اعلان جنگ کرتے ہیں۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ بزرگانِ دین کو برا جاننے والا ذلیل و خوار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوتا ہے۔ اور اس کا خاتمہ بالخیر نہیں ہوتا۔ اور آخرت میں راندۂ درگاہ ہوگا۔ دوزخ کا ایندھن اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے محروم ہوگا۔ بڑے بڑے بزرگان دین مثلاً محبوب سبحانی شیخ صمدانی شہباز لامکانی قندیل نورانی مرشد حقانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی الحسنی والحسینی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت مخدوم علی بن عثمان ہجویری ثم لاہوری رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت شیخ فریدالدین پاک پتن والے رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ عبیداللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت شیخ بہاءالحق زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت شیخ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت مرزا مظہر جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ مجاہد کبیر سید احمد شہید بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت شاہ فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ وغیرھم۔ یہ سب کے سب اولیاء اللہ مقرب خداوند تعالیٰ تھے۔ ہمیں ان کے نام اور کام دونوں سے محبت ہے۔ اللہ تعالیٰ صالحین امت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی محبّت ہمارے دلوں میں قائم رکھے۔ اور اسی پر ہمیں موت نصیب فرمائے۔ آمین

مولانا خرم علی بلہوری رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۱۲۷۰ھ نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

ارے لوگو! زبان اپنی کو روکو  بزرگوں سے نہیں انکار ہم کو
خدا لعنت کرے اس روسیاہ پہ  کہ جس کے دل میں ہو بغض پیمبر
جسے ہو بغض آل مصطفےٰ کا  خدا اس کو کرے دوزخ کا کندا
جسے اصحاب حضرت سے ہو انکار  رہے ہر دم خدا کی اس پہ پھٹکار
جسے کچھ بغض ہووے اولیا سے
ہمیشہ ابر لعنت اس پہ برسے

## ارکانِ خمسہ

ہمارا عقیدہ ہے کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ (۱) توحید و رسالت (۲) نماز (۳) روزہ (۴) زکوٰۃ (۵) حج۔ جو شخص ان پانچ چیزوں میں سے کسی ایک کا بھی انکار کرے۔ وہ شخص دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ اور عبادات اسلامیہ میں سے کسی ایک کے تارک کو فاسق، فاجر اور گناہ کبیرہ کا مرتکب سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اقرار توحید و رسالت کے بعد عبادات اسلامیہ پر عمل کی توفیق بخشے۔ آمین

## ملائکہ

ہمارا عقیدہ ہے کہ خدائی لشکر کا نام ملائکہ ہے۔ جو کہ نوری وجود رکھنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں۔ ان کا کام صرف ذکر الٰہی کرنا ہے۔ ان کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔ لَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ

ان میں چار بڑے فرشتے ہیں۔ حضرت جبریل علیہ السلام حضرت میکائیل علیہ السلام، حضرت عزرائیل علیہ السلام، حضرت اسرافیل علیہ السلام ان تمام فرشتوں کے سردار حضرت جبریل علیہ السلام ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبروں کے پاس وحی لاتے تھے۔

## فضائل مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ

ہمارا عقیدہ ہے کہ مکہ مکرمہ تمام شہروں سے افضل ہے۔ جسے حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام نے آباد کیا۔ اللہ کے آخری رسول حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے پیدائش ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مقدس شہر کی قسم کھائی اور اسے امن والا شہر قرار دیا ہے۔ اس شہر میں ہمارا قبلہ کعبہ بیت اللہ شریف ہے جس کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ بیت اللہ شریف کا دوسرا نام مسجد الحرام ہے۔ جہاں ایک نماز پڑھنے کا ثواب ایک لاکھ نماز کا ثواب ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں مسجد حرام میں نمازیں ادا کرنے کی توفیق بخشے آمین

ہمارا عقیدہ ہے کہ مکہ مکرمہ کے بعد تمام شہروں سے افضل مدینہ منورہ ہے یہی مقدس شہر ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جائے ہجرت اور جائے دفن ہے۔ جہاں آپ نے اپنی مبارک زندگی کے دس سال گذارے

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

21436



اسی مقدس شہر میں مسجد نبوی ہے جہاں ایک نماز کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کے ثواب کے برابر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں مسجد نبوی میں نمازیں ادا کرنے کی توفیق بخشے آمین۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ مدینہ منورہ میں داخل ہوکر نماز ادا کی جائے۔ اس کے بعد روضہ مبارک پر حاضر ہوکر ہدیہ درود و سلام پیش کیا جائے۔ ہمارا عقیدہ ہے کہ آپ کے مزار شریف کی زیارت مسنون اور کار ثواب ہے۔

ہمارا عقیدہ ہے کہ مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ میں طاعون نہیں پھیلے گا۔ اور یہاں دجال کذاب داخل نہیں ہو سکے گا۔ یہاں کافر، مشرک، منافق نہیں ٹھہر سکے گا۔

**المختصر**

ہمارا عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ حضرت محمد صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم اس کے آخری رسول ہیں۔ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ فرض ہے۔ جنت، دوزخ، پل صراط برحق ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان عقاید پر قائم رکھے اور اسی پر موت نصیب فرمائے۔ آمین

ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین

محمد حبیب
21436

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

# مولانا محمد حنیف یزدانی کی دیگر مطبوعات

مرشد جیلانی رحمہ کے ارشاداتِ حقانی در بارۂ توحیدِ ربانی :

طباعت آفسٹ قیمت ۳ روپے

○ مرزائے قادیان اور علماءِ اہلحدیث :

بالخصوص مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ کے چودہ مناظروں کی تفصیلات قیمت ۱ روپیہ

○ ہمارے عقائد :

آسان لفظوں میں مسلکِ اہلحدیث پر بے نظیر رسالہ قیمت ۵۰ پیسے

○ شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی :

تصویر کا دوسرا رُخ قیمت ۱۰ پیسے

معیارُ الحق : حضرت شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین محدث دہلویؒ

حضرت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی تائید میں بہترین کتاب قیمت مجلد دس روپے

تحریکِ آزادیٔ فکر اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی تجدیدی مساعی

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد اسماعیل سلفیؒ، گوجرانوالہ قیمت مجلد آٹھ روپے

اصحابِ بدرؓ : علامۂ زماں حضرت مولانا قاضی محمد سلیمان منصورپوریؒ

جنگِ بدر کی تفصیلات اور ۳۱۳ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات

طباعت آفسٹ : قیمت مجلد پانچ روپے

ہمارے مکتبہ کی تمام کتب نہایت خوبصورت چھپی ہیں اس کے علاوہ ہر قسم کی مذہبی اسلامی کتابیں ہم سے خریدیے

## مکتبہ نذیریہ ○ چیچہ وطنی